سبق-4

# سبزی والا

سبزی والا سبزی لایا
سبزی لے لو سبزی لے لو

آلوؤ، گوبھی اور ٹماٹر گاجر، مؤلی اور چُقندر
مِیتھی، پالک، بیگن، توری ہری مُلائم بِھنڈی، گوبھی

ہر گھر پر آواز لگائی
سبزی لے لو سبزی لے لو



© NCERT not to be republished

سپتنا بولی سبزی والے کیوں نہیں لائے آج کریلے
اچھّا توری لیمو دے دو لاؤ مجھے کچھ آلو دے دو
سبزی والا سبزی لایا
سبزی لے لو سبزی لے لو



© NCERT not to be republished

کوئی بولا ٹھیک سے تَولو    تھوڑا سا دَھنیا بھی ڈالو
مِرچیں اور اَدرک بھی دے دو    لو، یہ اپنے پیسے لے لو

سبزی والا سبزی لایا
سبزی لے لو سبزی لے لو

## مشق



اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. سبزی والے نے سبزی بیچنے کے لیے کیا آواز لگائی؟
2. سبزی والے کے پاس کون سی سبزی نہیں تھی؟
3. سپنا نے سبزی والے سے کون کون سی سبزیاں خریدیں؟
4. اس نظم میں کن کن سبزیوں کے نام آئے ہیں؟



نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. بِھنڈی = | | | |

© NCERT not to be republished

2. بیگن =


3. ٹماٹر =

4. کریلا =


5. چُقندر =



تصویروں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔




© NCERT not to be republished



خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

| کچھ | پیسے | آواز | آج | ٹھیک |
|---|---|---|---|---|

1. ہر گھر پر ______ لگائی
2. کیوں نہیں لائے ______ کریلے
3. لاؤ مجھے ______ آلو دے دو
4. کوئی بولا ______ سے تولو
5. لو یہ اپنے ______ لے لو



نظم کی مدد سے حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| 1. سبزی والا سبزی لایا | کیوں نہیں لائے آج کریلے |
| 2. مِیتھی، پالک، بیگن، توری | تھوڑا سا دَھنیا بھی ڈالو |
| 3. سِیتا بولی سبزی والے | سبزی لے لو سبزی لے لو |
| 4. کوئی بولا ٹھیک سے تولو | لو یہ اپنے پیسے لے لو |
| 5. مِرچیں اور اَدرک بھی دے دو | ہری ملائم بِھنڈی، گوبھی |

© NCERT not to be republished




## سبزیوں کے نام ان کے رنگوں سے ملائیے۔


| سبزی | رنگ |
|---|---|
| 1. ٹماٹر | سفید |
| 2. مؤلی | نیلا |
| 3. بھِنڈی | لال |
| 4. بیگن | ہرا |
| 5. آلو | خاکی |




## نیچے دی ہوئی سبزیوں کے نام لکھیے۔


1.  ............

2.  ............

3.  ............

4.  ............

5.  ............

6.  ............

7.  ............

8.  ............

© NCERT not to be republished



## سوچیے اور بتائیے۔

1. نظم میں دی گئی سبزیوں کے علاوہ آپ اور کن سبزیوں کے نام جانتے ہیں؟
2. کون سی سبزیاں کچّی بھی کھائی جاسکتی ہیں؟
3. پتّے والی سبزیوں کے نام بتائیے؟
4. اپنی پسند کی سبزیوں کے نام بتائیے؟



## خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| سبزی | |
| ٹماٹر | |
| چُقندر | |
| کریلے | |
| دَھنیا | |

© NCERT not to be republished